
ثمیری کیلنڈر

از 571 تا 632

حضور ﷺ کی زندگی پر ۶۳ سالہ کیلنڈر

اس میں آپ ﷺ کی پیدائش سے لیکر وصال تک کی تفصیلی تاریخ ہے



شائع کردہ
مکتبہ ثمیر، مانچیسٹر، انگلینڈ
فون 00447459131157

نام کتاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ثمیری کیلنڈر

نام مؤلف۔۔۔۔۔۔۔۔مولانا ثمیر الدین قاسمی

ناشر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مکتبہ ثمیر، مانچیسٹر

طباعت۔۔۔۔۔۔ باراول مارچ ۲۰۲۳ء

مؤلف کا پتہ

Maulana Samiruddin Qasmi

70 Stamford Street , Old trafford

Manchester,England -M16 9LL

E samiruddinqasmi@gmail.com

Mobile (00 44) 07459131157

ہندوستان میں رابطے کے لئے

حضرت مولانا ذوالقرنین صاحب، بیگوسرائے، بہار

فون، 00918899979171

فہرست مضامین

فہرست مضامین

ثمیری کیلنڈر کی خصوصیات

1	اس کیلنڈر میں تاریخ،اوردن time and date سے لیا ہے جو نا سا کا حصہ ہے،اور اصلی تاریخ دیتا ہے
2	اس کیلنڈر میں نیومون کی تاریخ بھی time and date سے لیا گیا ہے
3	اس کیلنڈر میں ہر ماہ میں time and date کا کیلنڈر بھی ڈال دیا ہے،تا کہ اصل تاریخ دیکھ سکیں
4	اس کیلنڈر میں ہر ماہ میں،نیومون ٹائم۔چاند کی عمر،چاند افق پر کتنا منٹ رہے گا،چاند کتنی ڈگری اونچا رہے گا،
5	یہ چاروں چیزیں moon calculation50 سے لیکر ڈالا ہوں جو تقریبا اصلی ہے
6	ہر تاریخ کے لئے حدیث،یا اصحاب سیرت کا حوالہ ضرور دیا ہے تا کہ بات مدلل ہو جائے
7	اس کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ تاریخ قریب قریب صحیح ہو
8	یہ تاریخیں تقریبی ہیں،صرف حجۃ الوداع کی تاریخ حتمی ہے،کیونکہ اس کے بارے میں حدیث ہے
9	کیلنڈر کے آخیر میں ازواج مطہرات کی تاریخ دی ہے اور بڑی بڑی جنگوں کی تاریخ بھی دی ہے،تا کہ ایک نظر میں کوئی تاریخ دیکھنا چاہے تو دیکھ سکتا ہے
10	کیلنڈر عام فہم اور آسان بنایا گیا ہے

شکر گزاری

از :۔ثمیر الدین قاسمی، غفرلہ

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم، امابعد

بہت سے طلبہ نے ،گزارش کی کہ اس دور کے تقاضے کے اعتبار سے حضور ﷺ کی زندگی پر ایک ایسا کیلنڈر تیار کیا جائے جو انگریزی حساب کے اعتبار سے اصلی ہو، اور عربی اعتبار سے بھی صحیح ہو، اور اس کے لئے اصل ماخذ سے استدلال کیا جائے،، اور تفصیل سے دن اور تاریخ کی تفصیل بیان کی جائے ،ان حضرات کے درخواست کے پیش نظر میں نے یہ کیلنڈر تیار کیا ہے، اس میں دن اور تاریخ تو time and date سے لیا، اس کے کیلنڈر میں نیومون کی تاریخ بھی آتی ہے، اس لئے نیومون کی تاریخ بھی وہیں سے لی، البتہ moon calculator50 کی وجہ سے کہیں کہیں نیومون کی دوسری تاریخ بھی لی ہے، تاہم اس کا التزام کیا ہے کہ time and date سے ہی نیومون کی تاریخ بھی لی جائے ، کیونکہ اس وقت پوری دنیا میں اسی کی تاریخ چلتی ہے، اور بہت ہی اعلی قسم کے کمپیوٹر سے یہ تاریخ سیٹ کی جاتی ہے، جو ناسا کا حصہ ہے

اور عربی تاریخ کے لئے پہلے تو حدیث سے حوالہ لیتا ہوں ، وہاں نہیں ملتا ہے تب قرن ثالث سے پہلے کے سیرت نگار، مثلا سیرت ابن اسحاقؒ متوفی ۱۵۱ھ ، سیرت ابن ہشام متوفی ۲۱۳ھ ،مغازی واقدی متوفی ۲۰۷ھ سے حوالہ لیتا ہوں، وہاں نہ ملے تب جا کر اس سے نیچے کی کتابوں سے حوالہ لیتا ہوں تا کہ بات پکی ہو جائے

البتہ اقوال میں اختلاف ہو جائے تو حدیث کو ترجیح دیتا ہوں، اور یہ کوشش کرتا ہوں انگریزی تاریخ کے قریب ہو جائے ،تا کہ عربی تاریخ اور انگریزی تاریخ میں زیادہ فرق باقی نہ رہے

حضور ﷺ کی پیدائش کے بعد سے نبوت تک کوئی خاص واقعہ نہیں تھا، اور نہ اس کی تاریخ معلوم تھی اس لئے صرف حضورؐ کی پیدائش 571ء کا تفصیلی کیلنڈر پیش کیا ،اس کے بعد سے ۴۰ سال یعنی نبوت تک کا مختصر کیلنڈر لکھا، اور ہر سال کے محرم کی پہلی تاریخ لکھی ، اور سیرت حلبیہ سے یہ لکھ دیا کہ اس سال میں یہ واقعہ پیش آیا ہے۔ پھر نبوت کے بعد سے وصال تک کی تفصیلی تاریخ پیش کی ، اور جو واقعہ جس مہینے میں یا جس تاریخ میں پیش آیا ہے اس کو بھی پورے حوالے ساتھ لکھا ، سیرت نگاروں کے لکھے ہوئے دن میں اور انگریزی تاریخ میں اختلاف نظر آیا تو تطبیق دینے کی کوشش کی ہے، تا کہ قریب تر مفہوم نکل آئے

یہ ایک ہلکی سی کوشش ہے، البتہ مجھے اس پر ضد نہیں ہے، اس کے علاوہ بھی کوئی اصلی تحقیق آجائے تو اس پر عمل کیا جا سکتا ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ اصلی تحقیق ہو صرف سرسری بات نہ ہو

کیلنڈر کے آخیر میں ازواج مطہرات کی فہرست پیش کی ہے، اور کسکی شادی کب ہوئی اس کو بیان کیا ہے ۔۔اسی طرح بڑی بڑی جنگوں کی تاریخ بھی دی ہے، اور اس کی تاریخ بھی حوالہ کے ساتھ دیا ہے تا کہ ناظرین تاریخ دیکھنے میں سہولت ہو

میں ان حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں

اس کیلنڈر کے تحریر کے دوران حضرت مولانا الیاس ڈیسائی صاحب خطیب مسجد شہداء، پرسٹن بار بار حوصلہ افزائی کرتے رہے، اور بہت خوش ہوئے، وہ فرماتے رہے کہ یہ نئی نسل کے لئے نیا پیام ہوگا، اس قسم کا فلکیاتی معلومات سے بھرپور کیلنڈر میری نظر میں ابتک کسی نے ترتیب نہیں دی ہے، میرے حاشیہ خیال میں یہ پہلا کیلنڈر ہے جس میں ہر ماہ کے چاند کے احوال سے متعارف کرایا گیا ہو، اوراس کے تحت میں تاریخ شروع کی گئی ہو۔

حضرت مولانا الیاس ڈیسائی صاحب ایک مخیرّ عالم ہیں، ایک طویل زمانے سے وہ اہل بہار کے غرباء پر دست شفقت رکھتے رہے ہیں، اوران کی خدمت میں دامے درمے سخنے پیش پیش رہتے ہیں، وہ اپنے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے محبت کرتے ہیں، اوراپنی آہ سحر گاہی میں بھی یاد کرتے ہیں، وہ اوران کے خاندان ہمیشہ اہل بہار کے مدارس، اورغریبوں کو یاد کرتے ہیں، اوران کا بہت خیال رکھتے ہیں، خداوند قدوس ان کو اوران کے خاندان کو اپنے شایان شان جزائے خیر سے نوازے، آمین یارب العالمین

حضرت مولانا مرغوب صاحب، خطیب مسجد بلال، ڈیوز بری بھی قابل مبارک باد ہیں کہ وہ بھی اس کیلنڈر کی ترتیب سے بہت خوش ہوئے، اور بار بار ہمت افزائی کرتے رہے، وہ فرماتے ہیں کہ یہ کیلنڈر، سیرت کا گم شدہ باب ہے، جس کی طرف کسی نے کوئی خاص توجہ نہیں کی، میں ان کا بھی شکر گزار ہوں

ہماری رفیق حیات کو تو اس کیلنڈر سے خاص ذوق ہے، وہ ہمہ وقت دعا گو رہتی ہیں کہ جلد سے جلد یہ کیلنڈر منظر عام پر آئے، اور قبول عام ہو جائے، میں ان کا بھی شکر گزار ہوں

معذرت خواہ

اس کیلنڈر میں بے پناہ حساب ہے، اور باریک سے باریک معلومات ہیں، اس لئے ہر تحقیق صحیح لکھ دوں یہ ممکن نہیں ہے، اس میں کافی غلطیوں کا امکان ہے، یہ حضور ﷺ کی سیرت کا معاملہ ہے، اس میں ادنی سی خطاء گناہ اور قابل گرفت ہے، اس لئے اہل علم کی خدمت میں گزارش ہے کہ کوئی غلطی ہو تو معاف بھی کریں، اور مطلع بھی فرمائیں، ان شاء اللہ شکریہ کے ساتھ اس کو قبول کیا جائے گا، اور اللہ سے دعا کریں کہ اللہ جل شانہ اس کیلنڈر کو قبولیت سے نوازے، اور اجر آخرت کا ذریعہ بنائے

آمین یارب العالمین

ثمیر الدین قاسمی، مانچیسٹر، انگلینڈ

۱۱ / ۱ / ۲۰۲۳ء

ثمیری کیلنڈر

ایک البیلا علم

از ساجد غفرلہ

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم ، اما بعد

حضور ﷺ کے زمانے کے لئے بنائے ہوئے کیلنڈر تو بہت دیکھے، لیکن اس طرح کا کیلنڈر جس میں براہ راست ناسا کا حصہ time and date سے مدد لی گئی ہو، وہاں سے اس زمانے کے انگریزی کیلنڈر کو لیکر چسپاں کیا ہو یہ تو میرے حاشیہ خیال میں بھی نہیں تھا، یہ تو سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ آج سے چودہ سو سال پہلے کا کیلنڈر ناسا پر موجود ہے، اور اس کو آج حاصل کیا جا سکتا ہے، جب میں نے اس کیلنڈر کی تصویر حضرت مولانا ثمیر الدین قاسمی صاحب کی کتاب میں دیکھی تو میرے ہوش اڑ گئے، اور حضرت کو داد دئے بغیر نہیں رہا، کہ کتنی مہارت کے ساتھ اصل کیلنڈر ہم جیسے طالب علموں کے سامنے پیش کیا، اور اس سے استفادے کا موقع فراہم کیا

ناسا کے کیلنڈر سے تاریخ اور دن لئے گئے ہیں

حضرت مولانا نے ناسا کا جو حصہ ہے time and date اس سے انگریزی کیلنڈ کی رتاریخ لی ہے اور دن لئے ہیں جس سے اس بات کا شبہ نہیں رہ جاتا ہے کہ یہ تاریخ اور یہ دن صحیح ہے یا نہیں، اگر حضرت مولانا کہتے ہیں کہ ۱۲ ربیع الاول کو اتوار کا دن ہے، تو سو فیصد کہا جا سکتا ہے کہ اتوار کا دن ہے، پیر کا دن نہیں ہے، پیر کا دن ۱۳ ربیع الاول کو ہے، کیونکہ یہ time and date بہت ہی ہائے لیول کے کمپیوٹر سے تاریخ اور دن سیٹ کرتا ہے، اس میں ممکن ہے، یا ہو سکتا نہیں ہے، بلکہ ایسا ہی ہے جیسا کہ انگریزی کیلنڈر کہہ رہا ہے، اس لئے یہ ثمیری کیلنڈر صرف ایک کیلنڈر نہیں ہے بلکہ اہل علم کے لئے غور و فکر کرنے کی دعوت ہے، اور اس پر مزید تحقیق کرنے کی دعوت دیتا ہے، حضرت مولانا کی یہ کاوش اس اعتبار سے بہت ہی نرالہ ہے

اسلامی تاریخ کے لئے حدیث، یا قول ابن اسحاقؒ کا حوالہ دیا

حضرت مولانا نے اس کا بھی التزام کیا ہے کہ اسلامی ہر ہر تاریخ کے لئے حدیث کا حوالہ دیا، یا پھر قرن ثالث سے پہلے کے جو سیرت نگار ہیں، جیسے محمد ابن اسحاقؒ متوفی ۱۵۱ھ ، یا سیرت ابن ہشام، متوفی ۲۱۲ھ قصرف ان کی کتابوں سے حوالہ لیا ہے، تا کہ بات بالکل پکی اور مضبوط ہو جائے، اور کوئی جھول باقی نہ رہے، نہ ملنے پر کہیں کہیں قرن ثالث سے نیچے کا حوالہ لیا ہے، اس قسم کا التزام کوئی نہیں کرتا ہے، لیکن حضرت اپنی عادت کے مطابق اس کا پورا التزام کرتے ہیں، کہ قرن ثالث سے نیچے کا حوالہ نہیں لیتے ہیں۔

احتیاط کا یہ عالم !

اس تمام خوبیوں کے باوجود حضرت مولانا کا کمال احتیاط یہ ہے کہ صرف ایک تاریخ میں حتمی ہونے کا حکم لگایا کہ یہ کام اسی تاریخ میں ہوا ہے، دوسرے دن میں نہیں ہے، اس کے علاوہ تمام تاریخوں میں یہ کہا کہ،، یہ کام اس تاریخ میں ہونا چاہئے ،، یہ نہیں فرمایا کہ اسی تاریخ میں ہوا ہے، صرف حجۃ الوداع کے بارے میں فرمایا کہ ۹ ذی الحجہ ۱۰ھ مطابق ۶ مارچ 632ء بروز جمعہ کو حضورؐ نے عرفات میں حج فرمایا، کیونکہ یہ حتمی تاریخ حدیث میں موجود ہے

ہر ماہ میں چاند کتنی ڈگری اونچا ہے، کتنا منٹ رہے گا اس کا بھی ذکر کیا

اور کیلنڈر میں صرف انگریزی تاریخ اور اسلامی تاریخ لکھی ہوتی ہے، اس کے علاوہ کوئی معلومات نہیں ہوتی، لیکن حضرت مولانا نے ہر ماہ کے شروع میں

۱۔۔ نیو مون ٹائم دیتے ہیں۔ کس گھنٹے اور کس منٹ پر نیو مون ہوا ہے

۲۔۔ اس دن مکہ مکرمہ کے افق پر چاند کتنی ڈگری اونچا ہے،

۳۔۔ اس دن سورج ڈوبنے کے بعد مکہ مکرمہ کے افق پر چاند کتنا منٹ رہے گا ۔

۴۔۔ اور یہ چاند نظر آئے گا یا نہیں، جب چاند نظر آئے گا تب ہی اگلی تاریخ شروع کی جائے گی۔

یہ چاروں چیزیں ہر ماہ کے شروع میں دیتے ہیں۔ حضور ﷺ کے زمانے کے ہر ماہ میں ان معلومات کو فراہم کرنا اور اس کو پیش کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے، وہ تو چودہ سو سال پہلے گزر چکا ہے، ان کو آج پیش کرنا تصور سے بالا چیز ہے، لیکن حضرت کی مہارت دیکھئے کہ چودہ سو سال پہلے کی تمام چیزوں کو پیش کیا، اور اصلی پیش کیا، تا کہ اس میں کوئی شبہ باقی نہ رہے، حضرت کو فن فلکیات میں کتنی مہارت ہے، کتنا درک ہے اور کتنا تجربہ ہے کہ حضرت نے کر دکھایا، ف للہ الحمد

حضرت نے واضح کیا کہ عرب کا ۳۰ سالہ کیلنڈر ایک دن پہلے پر بنا ہوا ہے

حضرت مولانا کے لگاء اوراس کی جرأت کو سلام کرتا ہوں کہ انہوں نے سعودی عربیہ، اور عرب کیلنڈر کی خامی بیان کی، اور پورے دلائل سے بتایا کہ ان ملکوں کے تیس سالہ کیلنڈر چاند نظر آنے سے ایک دن پہلے پر بنا ہوا ہے، اس پر ہرگز چاند نظر نہیں آسکتا ہے، یہ حضرات ایک زمانے سے چاند دیکھے بغیر صرف جھوٹی گواہی پر اعلان کر رہے ہیں، لیکن تقدس حرمین کی وجہ سے، یا فن فلکیات میں مہارت نہ ہونے کی وجہ سے آج تک کسی نے ان پر کوئی خاص نکیر نہیں کی، لیکن حضرت مولانا نے ۱۹۹۲ء میں اور اس کے بہت بعد تک سعودی حکومت، اور حضرت مفتی عبد العزیز بن بازؒ کو خط لکھتے رہے کہ آپ کا یہ کیلنڈر غلط ہے، اور اس پر جو گواہی ہوتی ہے، وہ جھوٹی گواہی ہوتی ہے، اس وقت آسمان پر چاند ہوتا ہی نہیں ہے اس کو قبول نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ فرض روزہ اور فرض حج کا مسئلہ ہے، اس کو اس طرح کھلواڑ نہ بنایا جائے، اس بارے میں مولانا مطعون بھی ہوئے، لیکن اس مرد قلندر کو کون کہے جو پوری دنیا میں تاریخ کی تصحیح کے لئے اپنا سارا کچھ داؤ پر لگا رکھا ہے ع

وہ مزا دیا تڑپ نے کہ یہ ارزو ہے یا رب   میرے دونوں پہلوؤں میں دل قرار ہوتا

چاند پر ہر ماہ میں حضرت مولانا کی ویڈیو
کیا دھوم مچا رکھی ہے !

ہر ماہ میں چاند کی معلومات پر بنی ہوئی ویڈیو بھی حضرت کی ایک عجیب چیز ہے، شروع شروع میں جب حضرت نے پورے وثوق کے ساتھ چاند کی معلومات دی کہ اسی تاریخ کو چاند نظر آئے گا، اس سے پہلے نہیں، اور جو اس سے پہلے گواہی دیتا ہے اس کی گواہی جھوٹی ہے، اس کو قبول نہیں کرنی چاہئے، تو میرا بھی کان کھڑا ہو گیا، کہ حساب تو ظنی ہے، اور گواہی قطعی ہے، پھر بھی حضرت مولانا اس قسم کا بیان کیوں دیتے ہیں، اور ہمارے جیسے کتنے لوگوں نے اس کو تعجب کی نگاہ سے دیکھا، لیکن سال بھر تک مسلسل تجربہ کے بعد یقین ہو گیا کہ مولانا کی پیشنگوئی بالکل درست ہوتی ہے۔ اور وہ ویب سرف سے پورا اصلی حساب لیکر ویڈیو بناتے ہیں، اور اب تو ہم جیسے ہزاروں لوگ ہر مہینے کے آخیر میں حضرت کی ویڈیو کا انتظار کرتے ہیں تا کہ چاند کی پوزیشن سے واقف ہو سکیں، اور رمضان اور عید میں تو یہ تشنگی اور بڑھ جاتی ہے، کیونکہ ہزاروں حفاظ کو اپنا اپنا ٹکٹ بک کرانا ہوتا ہے، اور یہی ایک ذریعہ ہے جس سے اطمینان بخش تاریخ معلوم ہو سکتی ہے۔، ہمارے حلقہ احباب میں حضرت کا یہ کارنامہ بھی واقعی منفرد ہے اور بے پناہ فوائد کے حامل ہیں

۱۵ جلدوں میں اثمار الھدایہ، ایک قرض تھا جس کو ادا کیا گیا

حضرت نے صرف فلکیات پر ہی طبع آزمائی نہیں کی، بلکہ ھدایہ پر پندرہ جلدوں میں شرح لکھی، اور ہر ہر مسئلے کے لئے تین تین حدیثیں سیٹ کیں، اس انداز میں اتنا مبسوط کام پہلے نہیں ہوا تھا، یہ حنفیوں پر ایک قرض آرہا تھا، اور کچھ لوگ حنفیوں پر انگلیاں اٹھا رہے تھے، حضرت مولانا نے یہ قرض چکایا، اور تمام اعتراض کرنے والوں کا منہ بند کر دیا، اس میں بھی قرن ثالث سے اوپر کا حوالہ لائے، تاکہ کسی کے لئے انگلی رکھنے، یا انگلی اٹھانے گنجائش نہ رہے، یہ کام قدوری پر بھی کیا، نور الایضاح پر بھی کیا، اور حنفیوں کے تین عظیم کتابوں پر یہ کام کیا اور تینوں کتابوں کو حدیثوں سے مزین کر دیا، حضرت کا یہ کارنامہ حنفیوں پر ایک احسان ہے، جو رہتی دنیا تک باقی رہے گا

عقیدے پر ایسا کام کیا کہ سب کا منہ بند ہو گیا

حضرت نے عقیدے پر بھی ایسا کام کیا جو رہتی دنیا یاد رکھے گی، اب تک ہو رہا تھا کہ عقیدے کے لئے الزامی جوابات کی بھرمار ہوتی، دلیل عقلی سے عقیدے ثابت کئے جاتے، یا پھر اپنے اپنے بزرگوں کی عبارتوں سے استدلال کرتے ، پھر آپس میں خوب لڑتے، عقیدہ ایک پاکیزہ فن تھا لیکن اس کو لڑائی کا گھر بنا دیا گیا تھا، حضرت نے پانسا پلٹا، انہوں نے اس فن کو اپنی اصلیت کی طرف لے گئے، انہوں نے پوری کتاب میں الزامی جواب نہیں دیا، کہیں بھی دلیل عقلی پیش نہیں کی، کسی بزرگ کی کتاب سے کوئی رائے پیش نہیں کی، عبارۃ العلماء کو تو چھویا ہی نہیں، بلکہ ہر ہر عقیدے کے لئے تین تین آیتیں، اور تین تین حدیثیں پیش کیں، یا اس سے زیادہ آیتیں اور حدیثیں بھی لائے، اور صرف صراحت النص سے استدلال کیا، کہیں کہیں مبہم جملے کی تفسیر، تفسیر ابن عباس سے کی، دوسرے تفسیروں کو ہاتھ ہی نہیں لگایا، یہ کام اتنا مبرہن، اور مضبوط کیا کہ کسی کو انگلی اٹھانے کی جگہ نہیں چھوڑی ۔حال آنکہ اس میں بہت سے عقیدے وہ ہیں جو پچھلے زمانے میں جھگڑوں کا گڑھ رہے ہیں، اور انہیں پر مناظرے کے بازار گرم ہوتے رہے ہیں، لیکن حضرت کی ثمرۃ العقائد میں یہ شرط لکھی ہوئی کہ صرف آیت اور حدیث لاو گے، اور اس کے صراحت النص سے استدلال کرو گے، کیونکہ حضرت نے بھی یہی کیا ہے، اس شرط کی وجہ سے ابھی تک کسی نے لب کشائی نہیں کی ہے، اور نہ اس کتاب کے جواب میں منہ کھول سکے، بلکہ بیروت والوں نے تو کمال کر دیا کہ حضرت کی ثمرۃ العقائد کو چھاپ کر پورے عرب میں یہ تأثر دیا کہ دیوبندیوں کا عقیدہ دیکھنا ہو تو اس کتاب کا مطالعہ کریں، اور اہل سنت والجماعت کے دلائل تلاش کرنے ہوں تو اس کتاب کو سامنے رکھیں، اس میں ضرورت کی ۳۵۰ عقیدے ہیں، اور ہر ایک عقیدے کے لئے آیت اور حدیث موجود ہیں

حضرت مولانا کی اس کاوش سے واقعی ہمارا سر فخر سے اونچا ہو گیا، آج ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہمارا عقیدہ معلوم کرنا ہو تو اس کتاب کو

پڑھ لیں،اور دلائل معلوم کرنے ہیں تو اس کتاب کی ورق گردانی کریں

نئی نسل کے لئے نئی راہ

بہت سے لوگوں نے حضور ﷺ کے زمانے کا کیلنڈر بنایا ہے،لیکن ان حضرات نے چند سالوں کا صرف انگریزی اور اردو تاریخ ڈال دی ہے،لیکن یہ کسی نے نہیں لکھا کہ ہر ماہ میں نیومون کب ہے،اس شام کو مکہ مکرمہ کے افق پر چاند کی عمر کیا ہے،وہ کتنا ڈگری اونچا ہے،کتنے منٹ افق پر رہ رہا ہے،پھر وہ نظر آئے گا یا نہیں،یہ تفصیل کسی نے نہیں لکھی ہے،صرف انگریزی اور اسلامی تاریخ ڈال دی ہے

لیکن حضرت نے اس کیلنڈر میں ہر ماہ میں یہ تفصیل لکھ دی ہے،اور اس سے نئی نسل کو یہ سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ اس وقت ویب سائٹ پر یہ سب ملتے ہیں،اس لئے آپ خود بھی یہ سیکھنا چاہیں،اور اپنے طور پر کیلنڈر بنانا چاہیں تو بنا سکتے ہیں،جن حضرات کو اس کی دلچسپی ہے وہ آگے آئیں،اور اس فن کو سیکھیں،اور امت کی رہنمائی کریں

برسوں سے ہم طالب علموں کو ایسی کتاب کی تلاش تھی جو آسان بھی ہو اور اس میں آیت اور حدیث سے دلائل بھی ہوں۔اس کتاب کو دیکھنے کے بعد میں حضرت کے تبحر علمی کا قائل ہو گیا،ان کی وسعت قلبی،ان کی جہاں بینی،اور ان کے طریقہ استلال کا میں گرویدہ ہو گیا۔

تاریخ نویسی اور کیلنڈر بنانے کا علم تو بہت پرانا ہے،لیکن جس انداز میں ثمیری کیلنڈر کو ترتیب دی،اس کی تسہیل کی ہے اور چودہ سو سال پہلے کے پوشیدہ علوم کو سمویا ہے وہ نرالہ بھی ہے اور البیلا بھی ہے،ہم جیسے طالب علموں کے لئے دلچسپی کا باعث بھی ہے،اور حیران کن بھی ہے۔ میری دعا ہے کہ حضرت کے اس کیلنڈر کو اور دیگر کاوشوں کو قبول فرمائے،اور ذریعہ نجات بنائے

آمین یارب العالمین

ع این دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

احقر ساجد غفرلہ

۱۲ / ۱ / ۲۰۲۳ء

ہم نے یہ فارمولے کہاں سے لئے

1۔۔چاند کا مہینہ، چاند کا سال ،اورسورج کا سال یہ سب moon wikipedia۔اور earth wikipedia پر موجود ہے، میں نے وہیں سے لیا ہے آپ بھی moon wikipedia پر جا کر چاند کا حساب

2۔۔اور earth wikipedia پر جا کر سورج کا حساب لے سکتے ہیں، یہ بہت آسان ہے

3۔۔ہر ماہ میں چاند کتنی ڈگری پر ہے، کتنا منٹ ہے، اوراس کی عمر کیا ہے، یہ سب moon calculation50 سے لیا ہوں ، یہ ڈاکٹر منظور احمد کا سوفٹ ویر ہے ۔، جناب محترم ڈاکٹر منظور صاحب برمنگھم(doctor manzur , birmingham , england)، انگلینڈ میں صحت کے ڈاکٹر ہیں ،لیکن چاند کا حساب سیٹ کرنے میں بہت دلچسپی ، ہے انہوں نے ہی moon calculation50 سوفٹ ویر بنایا ہے، اور نے یہ معلومات وہیں سے حاصل کی ہے اوراسی سے یہ کیلنڈر تیار کیا ہوں ۔اللہ تعالی اس کا بہترین بدلہ عطا فرمائے

۔۔moon calculation50، میں یہ تین فارمولے ہیں

ا۔۔ہے کہ چاند کی عمر۲۲ گھنٹے سے اوپر ہو چکی ہو تب وہ پہلی تاریخ شروع کرتا ہے

۲۔۔یا مکہ کے افق پر چاند کی اونچائی کم سے کم 9 ڈگری ہو تب وہ پہلی تاریخ شروع کرتا ہے

۳۔۔یا اگر چاند کی عمر 30 گھنٹے سے اوپر ہو چکی ہو تو پھر 8 ڈگری پر بھی پہلی تاریخ شروع کر دیتے ہیں ۔

میں نے انہیں کے فارمولے کی اتباع کرتے ہوئے ثمیری کیلنڈر تیار کیا ہے

4۔۔سورج کی تاریخ ،اس کیلنڈر میں time and date سے لیا ہوں ، یہ ویب سرف کا حصہ ہے اور انگریزی تاریخ اصلی دیتا ہے

اس time and date کے انگریزی کیلنڈر میں چار دائرے ہوتے ہیں

ا۔۔انگریزی کے اسی کیلنڈر کے ہر ماہ میں نیچے کے حصے میں میں کالا گول دائرہ ہے، اور وہاں تاریخ بھی لکھی ہوئی ہے، وہ یہ بتاتا ہے کہ اس ماہ میں نیو مون کس تاریخ کو ہوگا، میں نے نیو مون کی تاریخ یہیں سے لیا ہے

۲۔۔اس انگریزی کیلنڈر میں جو گول دائرہ ہے اور سفید ہے، وہ چودھویں کی رات کی تاریخ بتاتا ہے ۔

۳۔۔اس انگریزی کیلنڈر میں جو گول دائرہ ہے اور آدھا کالا ہے اس میں سے ایک آدھا کالا ساتویں کے چاند کی تاریخ بتاتا ہے

۳۔۔اس انگریزی کیلنڈر میں جو گول دائرہ ہے اور آدھا کالا ہے اس میں سے دوسرا آدھا کالا اکیسویں کے چاند کی تاریخ بتاتا ہے

آپ مبائل کے گوگل پر صرف calendar of 632 لکھیں تو آپ کے سامنے 632 کے پورے سال کا کیلنڈر آ جائے

گا۔اور جس سال کا کیلنڈر چاہئے وہ آجائے گا آپ اس کو آسانی سے لے سکتے ہیں
5۔۔ساری معلومات مکہ مکرمہ کے طول بلد اور عرض بلد کے لئے لیا ہوں، کیونکہ یہ معاملہ وہیں کا ہے

قمری مہینہ اور قمری سال، اور سورج کا سال کس طرح بنتا ہے،

چاند کا مہینہ بنانے کی تفصیل یہ ہے
ا۔۔۔قمری ماہ d 29.530589۔۔(29 دن 12 گھنٹہ، 44 منٹ، 2.9 سیکنڈ کا ہوتا ہے
اس کو moon wikipedia سے لیا ہوں، وہاں یہ ٹائم موجود ہے، آپ بھی اس پر جا کر لے سکتے ہیں
۲۔۔قمری سال d 354.36706۔۔(354 دن، 8 گھنٹہ، 48 منٹ، 34.8 سیکنڈ کا ہوتا ہے)
آپ قمری مہینے کو 12 سے ضرب دیں گے تو قمری سال بن جائے گا
مثلا۔ d 29.530589 کو 12 سے ضرب دیا تو۔ d 354.36706 بن گیا
اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ (354 دن، 8 گھنٹہ، 48 منٹ، 34.8 سیکنڈ کا ہوتا ہے)

سورج کا سال کس طرح بنتا ہے، اس کی تفصیل دیکھیں

۳۔سورج کا سال ہے 365.256363004۔(365 دن، 6 گھنٹہ، 9 منٹ، 9.54 سیکنڈ کا ہوتا ہے) کو
earth wikipedia سے لیا ہوں وہاں یہ ٹائم موجود ہے، آپ بھی اس پر جا کر لے سکتے ہیں

قمری سال سورج کے سال سے کتنا چھوٹا ہوتا ہے

قمری سال سورج کے سال سے 10.8893 دن چھوٹا ہوتا ہے (10 دن، 21 گھنٹہ، 21 منٹ، 1.20 سیکنڈ چھوٹا ہوتا ہے)
اس کو معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سورج کے سال 365.256363004 میں چاند کے سال کو گھٹا دیں تو جو نکلے گا اتنے دن چاند کا سال سورج کے سال سے چھوٹا ہوگا
مثلا ۔سورج کا سال 365.256363004 میں چاند کا سال d 354.36706 کو گھٹا دیا تو 10.8893 باقی رہا
۔یعنی چاند کا سال سورج کے سال سے (10 دن، 21 گھنٹہ، 21 منٹ، 1.20 سیکنڈ چھوٹا ہوا

حضور ﷺ کی پیدائش، نبوت، ہجرت، حجۃ الوداع، اور وصال کی تاریخ نکالنے کا طریقہ

حضور کی پیدائش نکالنے کا طریقہ

حضور ﷺ کی عمر ۶۳ سال اور انگریزی کے اعتبار سے 61 سال، ایک ماہ، 15 دن ہے)

حضور ﷺ کی قمری عمر ۔۶۳ سال ہونی ضروری ہے اس کے لئے یہ حدیث ہے

۔عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: »بُعِثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَرْبَعِينَ سَنَةً، فَمَكُثَ بِمَكَّةَ ثَلاَثَ عَشْرَةَ سَنَةً يُوحَى إِلَيْهِ، ثُمَّ أُمِرَ بِالهِجْرَةِ فَهَاجَرَ عَشْرَ سِنِينَ، وَمَاتَ وَهُوَ ابْنُ ثَلاَثٍ وَسِتِّينَ

(بخاری شریف، باب ہجرۃ النبی ﷺ، نمبر ۳۹۰۲)

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چالیس سال کی عمر میں نبی بنائے گئے، اور مکہ مکرمہ میں تیرہ سال مقیم رہے، جس میں وحی نازل ہوتی رہی، پھر ہجرت کرنے کا حکم ہوا، اس لئے ہجرت کی اور وہاں دس سال رہے، اور تیریسٹھ سال کی عمر میں آپ کا وصال ہوا۔

اس حدیث میں ہے کہ ولادت سے ۵۳ سال بعد ہجرت کی تھی، اور آپ کی کل عمر ۶۳ سال ہے

حضور کی عمر ہے 63 سال ہے، اس لئے 354.36706 d کو 63 سے ضرب دیں تو 22325.124 d دن ہوئے

اب 22325.124 d میں 365.256363004 سے تقسیم دیں تو 61.12179 سال ہوئے، جو حضور کی عمر شمسی سال ہوتی ہے (یعنی 61 سال، ایک ماہ، 15 دن ہوئی)

حضور کی وفات 8 جون 632ء میں ہے، یعنی 632.527 ہوا

اب 632.527 میں 61.12179 گھٹائیں تو 571.405 بنتا ہے، یعنی اپریل 571ء میں حضور کی پیدائش ہوئی ہے

1 پیدائش	حضور ﷺ کی پیدائش ۔ ۹ ربیع الاول مطابق ۔ ۲۰ اپریل 571ء میں بروز پیر کو ہونی چاہئے

حضور کا حضرت خدیجہ کے نکاح کا سال

حضور ﷺ کی پیدائش ۔ ۹ ربیع الاول مطابق ۔ ۲۰ اپریل 571ء میں بروز پیر کو ہے، اور پچیس سال کے بعد حضرت

خدیجہ سے نکاح ہوا تو 25 سال کو قمری سال 345.367 سے ضرب دیں تو 8859.175 دن ہوئے
اس 8859.175 دن کو شمسی سال 365.25636 سے تقسیم دیں تو 24.2546 سال شمسی سال ہوئے ،
اب 570 ء میں 24.2546 سال کو جوڑیں تو 594.254 سال ہوئے ، اس لئے 594 ء میں حضرت خدیجہ کی شادی حضور ﷺ سے ہونی چاہئے

25 پیدائش	حضرت خدیجہ کا حضورؐ سے نکاح پیدائش ۲۵ مطابق 594 ء میں ہونا چاہئے متعین مہینے کا پتہ نہیں ہے --

حضورؐ کی بعثت کا سال نکالنے کا طریقہ

قمری کا سال 354.36706 کو 23 سے ضرب دیں 8150.4423 دن ہوئے
اب 8150.4423 دن میں 365.256363004 سے تقسیم دیں تو 22.3143 سال ہوئے
اب 22.3143 سال کو 632.527 ء میں گھٹائیں تو 610.2127 عیسوی میں آپؐ کو نبوت ملی ہوگی

1 نبوت	حضور ﷺ کو نبوت ملی ۲۱ رمضان نبوت ۱ مطابق ۱۷ اگست 610 ء بروز پیر میں ملی ہوگی

حضورؐ کی ہجرت کا سال نکالنے کا طریقہ

قمری سال 354.36706 کو 10 سے ضرب دیں تو 3543.6706 دن بنے
اب 3543.6706 دن میں 365.256363004 سے تقسیم دیں تو 9.70187 سال ہوئے
اب 9.70187 سال کو 632.527 ء میں گھٹائیں تو 622.825 عیسوی بنتا ہے، اسی سال میں حضورؐ نے ہجرت کی ہے

1 ہجری	۸ ربیع الاول ۱ ھ، مطابق ۲۰ ستمبر 622 ء بروز پیر کو آپ قباء پہنچے ہوں گے

حضور ﷺ کے حج کا سال

10 ہجری	۹ ذی الحجہ ۱۰ ھ مطابق ۶ مارچ 632 ء بروز جمعہ کو حضورؐ نے عرفات میں حج فرمایا

حضور ﷺ کا وصال

11 ہجری	حضورؐ کا وصال ۱۳ ربیع الاول، ۱۱ ہجری ، مطابق ۸ جون 632 ء بروز پیر ہے (632.527 ء ہے)

عرب کے کیلنڈر اور ثمیری کیلنڈر میں فرق

مراکش کو چھوڑ کر تمام عربی مما لک کا کیلنڈر ایک منٹ کے چاند پر بنتا ہے، یعنی سورج کے ایک منٹ کے بعد چاند ڈوبے تو اس شام کو پہلی تاریخ کردی جائے گی، اور دوسرے دن پہلی تاریخ ہوگی

،ان حضرات کا فارمولہ یہ ہے the moon sets after the sun

ترجمہ : چاند سورج کے ایک منٹ کے بعد ڈوبے تو تاریخ شروع کردی جائے گی

اور اسی فارمولے پر ام القری ویب سائٹ پر ۱۴۲۰ھ سے ۱۴۵۰ھ تک کا کیلنڈر بنا کر رکھ دیا ہے

،آپ بھی the umm al qura calendar Saudi arabia ویب سائٹ پر جا کر دیکھ سکتے ہیں

چاند ۴۵ منٹ افق پر رہے، اور ۹ ڈگری اونچا ہو تب ہی نظر آتا ہے اس سے پہلے نہیں۔ اس لئے عرب کے اس کیلنڈر پر چاند نظر نہیں آئے گا۔ خود ام القری کیلنڈر بنانے والے نے لکھا ہے کہ اس کیلنڈر پر ۷۰ فیصد چاند نظر نہیں آئے گا، ام القری کیلنڈر کے رولس، فارمولے کے نیچے یہ لکھا ہوا ہے،

- about 75% the lunar crescent will not be visible to the naked eye on the first evening of the lunar month

ترجمہ: تقریبا ۷۵ فیصد چاند کھلی آنکھوں سے نظر نہیں آئے گا

لیکن پورے عرب نے اس کیلنڈر کو قبول کیا ہے اور اسی پر اپنی تاریخ شروع کرتے ہیں

عرب نے اتنی بڑی غلطی کیوں کی؟

سارے عرب کے مفتیوں نے دو فتوے دئے۔

۔ پہلا فتوی ہے کہ حساب کا اعتبار نہیں ہے، اور ان کا متدل یہ حدیث ہے۔ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَنَّهُ قَالَ: »إِنَّا أُمَّةٌ أُمِّيَّةٌ، لاَ نَكْتُبُ وَلاَ نَحْسُبُ، الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا« يَعْنِي مَرَّةً تِسْعَةً وَعِشْرِينَ، وَمَرَّةً ثَلاَثِينَ (بخاری شریف، باب قول النبی ﷺ لانکتب ولانحسب، نمبر ۱۹۱۳)

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمرؓ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں، آپ نے فرمایا ہم امی امت ہیں نہ ہم لکھتے ہیں اور نہ ہم حساب کرتے ہیں، مہینہ اس طرح ہوتا ہے، کبھی انتیس کا اور کبھی تیس کا

۔ اس فتوی کی وجہ سے وہ چاند دیکھنے میں فلکی حساب کو نہیں دیکھے ہیں، چاند کے قابل رویت ہونے سے دو روز پہلے بھی گواہی آجائے تو وہ قبول کر لیتے ہیں، اور چاند کا اعلان کر دیتے ہیں

دوسرا فتوی یہ ہے کہ رویت عامہ کا اعتبار نہیں ہے کہ، عام لوگ دیکھیں تب مہینہ شروع کریں، یہ نہیں ہے، بلکہ صرف دو گواہ گواہی دے دیں تو مہینہ شروع کر دیا جائے گا، پھر وہ گواہ کو پرکھتے بھی نہیں ہیں بلکہ گواہ صرف مسلمان ہوں اتنا ہی کافی ہے

۔ان کا مستدل یہ حدیث ہے۔عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ الْهِلَالَ، قَالَ الْحَسَنُ فِي حَدِيثِهِ يَعْنِي رَمَضَانَ، فَقَالَ أَتَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ «، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: »أَتَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ؟ «، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: »يَا بِلَالُ، أَذِّنْ فِي النَّاسِ فَلْيَصُومُوا غَدًا (ابوداود شریف، باب شہادة الواحد علی رویۃ ھلال رمضان، نمبر ۲۳۴۰)

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے پاس ایک دیہاتی آیا اور کہا کہ میں نے چاند دیکھا ہے، حضرت حسن اس حدیث میں فرماتے ہیں کہ یہ رمضان کا چاند تھا، حضور ﷺ نے پوچھا کہ کیا. أَتَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ ۔کی گواہی دیتے ہو، انہوں نے کہا، ہاں!، پھر آپ نے پوچھا کہ، أَتَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّه، کی گواہی دیتے ہو؟ دیہاتی نے کہا ہاں! پھر حضور نے فرمایا کہ اے بلال لوگوں میں اعلان کر دو کہ کل سے روزہ رکھیں۔

اس حدیث میں گواہوں کی تفتیش نہیں کی ہے، صرف اتنا پوچھا کہ تم مسلمان ہو یا نہیں، انہوں نے مسلمان ہونے کا اقرار کیا، اس پر ان کی گواہی قبول کر کے چاند کا اعلان کر دیا گیا ہے۔اسی حدیث کو مستدل بنا کر عرب کے تقریبا تمام مفتیان کرام صرف دو گواہوں پر رویت کا اعلان کرتے ہیں، چاہے وہ حساب کے خلاف ہو، یا بداہت کے کتنے ہی خلاف ہو۔

ان دو فتوؤں کی وجہ سے پورے عرب میں تین تین عیدیں ہونی شروع ہو گئی تھی، مثلا مصر سعودی عرب سے بھی ایک دن پہلے گواہی کی بنیاد پر رویت کا اعلان کر دیتا تھا، سعودی عربیہ دوسرے دن اعلان کرتا تھا، اور قریب ہی میں عمان ملک ہے اور حقیقی رویت کی بنیاد پر سعودی سے بھی ایک دن بعد میں اعلان کرتا تھا، اس طرح عرب ملکوں میں تین دن عید اور بقرعید ہوتی تھیں، جس کی وجہ سے مزاہبت کر کرا ہوتا تھا

۱۹۷۲ء میں سعودی عرب کے ذمہ داروں کو خیال ہوا کہ پوری دنیا کے لئے ایک کیلنڈر بنایا جائے، اور سب کو اس کی پابندی کرنے کے لئے کہا جائے، چنانچہ انہوں نے اس کے لئے کئی مٹنگ کی، پھر ۲۴ ستمبر ۱۹۸۵ء میں چھٹی مٹنگ کی، جس میں پندرہ ملکوں کے وزیر جمع ہوئے، اور سب نے اس بات پر اتفاق کیا کہ رویت پر بھی نہیں، اور نیومون سے پہلے بھی نہیں کی جائے، بلکہ دونوں کے درمیان میں رکھا جائے، اور ایک منٹ کے چاند پر کیلنڈر بنایا جائے اور اس کا نام، التقویم الهجری الموحد، رکھا، پھر اسی فارمولے پر ۳۰ سال کا کیلنڈر بنایا، اور ویب سائٹ پر رکھ دیا، اور آج تک اسی پر عمل کر رہے ہیں، رمضان، عید، بقرعید پر اسی کیلنڈر پر گواہی لیتے ہیں، اور اعلان کر دیتے ہیں

یاد رہے کہ اس کیلنڈر پر چاند نظر نہیں آئے گا، اس کے ایک دن بعد چاند نظر آئے گا۔لیکن چونکہ معاملہ حرمین کا ہے اس لئے لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ صحیح ہی کرتے ہوں گے

بعض مرتبہ عرب کے حضرات یہ کہہ دیتے ہیں کہ یہ کیلنڈر اپنے دفتری کام کے لئے بنایا ہے، لیکن حقیقت ایسا نہیں ہے بلکہ، اس کارروائی میں لکھا ہوا ہے۔ **التی یعلقها المسلمون علی توحید شهورهم و اعیادهم** ۔ کہ سب کا مہینہ بھی ایک ہو اور سب کی عید بھی ایک ہو اس کے لئے یہ کیلنڈر بنایا جارہا ہے، اس لئے حقیقت یہ ہے کہ عید اور رمضان ادا کرنے کے لئے یہ کیلنڈر بنایا گیا ہے، صرف دفتری کام کے لئے نہیں ہے

میں نے ۱۹۹۴ء میں مفتی عبد العزیز بن بازؒ سے غلطی کی وجہ پوچھی تو انہوں نے فیصلے کی پوری کارروائی مجھے بھیج دی، جس میں سب وزیروں کا دستخط ہے

اسی کیلنڈر پر عمل کرنے کی وجہ سے جب سعودی عربیہ رویت کا اعلان کرتا ہے تو اس سے آگے، ساوتھ آفریقہ، مراکش، اور باربڈوز تک کے ملکوں کو چاند نظر نہیں آتا ہے۔ اسی کیلنڈر پر عمل کرنے کی وجہ سے ہندوستان، پاکستان میں ہمیشہ ایک دن بعد چاند نظر آتا ہے، کیونکہ عرب کا یہ کیلنڈر چاند نظر آنے سے ایک دن پہلے پر بنا ہوا ہے، اس پر کیسے چاند نظر آئے گا۔ اگر صحیح رویت پر عمل کرے تو سال کے دس ماہ میں جو چاند سعودی کو نظر آتا ہے وہ ہندوستان، اور پاکستان والوں کو نظر آئے گا، اور صرف دو ماہ میں ایک دن پہلے نظر آئے گا، تمام ماہ میں ایک دن پہلے نظر آنا اسی ام القری کیلنڈر پر عمل کرنے کی وجہ سے ہے، آپ خود بھی تجربہ کرلیں۔

فتوی

البتہ ہدایہ اولین کے کتاب الحج میں یہ لکھا ہے کہ گواہی ہوئی ہو اور قاضی کے فیصلے سے اعلان ہوا ہو تو ایک دن مقدم ہو جائے یا مؤخر ہو جائے تب بھی حدود قاضی میں اس پر عمل کرنا درست ہے، اور اس کی رمضان، عید، اور حج ادا کرنا درست ہوگا، اسلئے حدود عرب میں رہنے والوں کے لئے قضاء کے بعد اس پر عمل کرنا درست ہوگا، ہدایہ کی عبارت یہ ہے ۔ **اهل عرفة اذا وقفوا فی یوم و شهد قوم انهم وقفوا یوم النحر اجزاهم** (ہدایہ، کتاب الحج، مسائل منثورۃ، جلد ا، ص ۱۷۱)

اگلے صفحہ پر سعودی عربیہ کا تیس سالہ ام القری کیلنڈر دیکھیں، اور اس کا رولس اور فارمولہ بھی دیکھیں کہ ایک منٹ کے چاند پر بنایا گیا ہے، جبکہ ۴۵ منٹ مطلع پر ہو تب نظر آتا ہے

اس فارمولے میں یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ یہ چاند تقریبا ۷۵ فیصد مکہ مکرمہ میں نظر نہیں آئے گا

آپ خود بھی گوگل پر the umm Al qura calendar Saudi arabia لکھیں تو یہ ۳۰ سالہ کیلنڈر بھی سامنے آجائے گا، اور اس کا rules بھی آجائے گا، پھر آپ خود غور فرمائیں

ام القریٰ کیلنڈر سعودی عربیہ ۱۴۲۰ سے ۱۴۵۰ تک جو رویت سے ایک دن پہلے پر بنایا گیا ہے

The Ummu al Qura Calendar of Saudi Arabia 1420-1450

Islamic year	Ra's al-Sana		Mawlid al-Nabī		Begin Fasting		ʿĪd al-Fiṭr		ʿĪd al-Aḍḥā	
	1 Muḥarram		12 Rabīʿ al Awwal		1 Ramaḍān		1 Shawwāl		10 Dhu 'l-Ḥijja	
1420	17 Apr 1999	Sa	26 Jun 1999	Sa	9 Dec 1999	Th	8 Jan 2000	Sa	16 Mar 2000	Th
1421	6 Apr 2000	Th	14 Jun 2000	We	27 Nov 2000	Mo	27 Dec 2000	We	5 Mar 2001	Mo
1422	26 Mar 2001	Mo	4 Jun 2001	Mo	16 Nov 2001	Fr	16 Dec 2001	Su	22 Feb 2002	Fr
1423	15 Mar 2002	Fr	24 May 2002	Fr	6 Nov 2002	We	5 Dec 2002	Th	11 Feb 2003	Tu
1424	4 Mar 2003	Tu	13 May 2003	Tu	26 Oct 2003	Su	25 Nov 2003	Tu	1 Feb 2004	Su
1425	21 Feb 2004	Sa	1 May 2004	Sa	15 Oct 2004	Fr	14 Nov 2004	Su	21 Jan 2005	Fr
1426	10 Feb 2005	Th	21 Apr 2005	Th	4 Oct 2005	Tu	3 Nov 2005	Th	10 Jan 2006	Tu
1427	31 Jan 2006	Tu	10 Apr 2006	Mo	24 Sep 2006	Su	23 Oct 2006	Mo	31 Dec 2006	Su
1428	20 Jan 2007	Sa	31 Mar 2007	Sa	13 Sep 2007	Th	13 Oct 2007	Sa	20 Dec 2007	Th
1429	10 Jan 2008	Th	20 Mar 2008	Th	1 Sep 2008	Mo	1 Oct 2008	We	8 Dec 2008	Mo
1430	29 Dec 2008	Mo	9 Mar 2009	Mo	22 Aug 2009	Sa	20 Sep 2009	Su	27 Nov 2009	Fr
1431	18 Dec 2009	Fr	26 Feb 2010	Fr	11 Aug 2010	We	10 Sep 2010	Fr	16 Nov 2010	Tu
1432	7 Dec 2010	Tu	15 Feb 2011	Tu	1 Aug 2011	Mo	30 Aug 2011	Tu	6 Nov 2011	Su
1433	26 Nov 2011	Sa	4 Feb 2012	Sa	20 Jul 2012	Fr	19 Aug 2012	Su	26 Oct 2012	Fr
1434	15 Nov 2012	Th	24 Jan 2013	Th	9 Jul 2013	Tu	8 Aug 2013	Th	15 Oct 2013	Tu
1435	4 Nov 2013	Mo	13 Jan 2014	Mo	28 Jun 2014	Sa	28 Jul 2014	Mo	4 Oct 2014	Sa
1436	25 Oct 2014	Sa	3 Jan 2015	Sa	18 Jun 2015	Th	17 Jul 2015	Fr	23 Sep 2015	We
1437	14 Oct 2015	We	23 Dec 2015	We	6 Jun 2016	Mo	6 Jul 2016	We	11 Sep 2016	Su
1438	2 Oct 2016	Su	11 Dec 2016	Su	27 May 2017	Sa	25 Jun 2017	Su	1 Sep 2017	Fr
1439	21 Sep 2017	Th	30 Nov 2017	Th	16 May 2018	We	15 Jun 2018	Fr	21 Aug 2018	Tu
1440	11 Sep 2018	Tu	20 Nov 2018	Tu	6 May 2019	Mo	4 Jun 2019	Tu	11 Aug 2019	Su
1441	31 Aug 2019	Sa	9 Nov 2019	Sa	24 Apr 2020	Fr	24 May 2020	Su	31 Jul 2020	Fr
1442	20 Aug 2020	Th	29 Oct 2020	Th	13 Apr 2021	Tu	13 May 2021	Th	20 Jul 2021	Tu
1443	9 Aug 2021	Mo	18 Oct 2021	Mo	2 Apr 2022	Sa	2 May 2022	Mo	9 Jul 2022	Sa
1444	30 Jul 2022	Sa	8 Oct 2022	Sa	23 Mar 2023	Th	21 Apr 2023	Fr	28 Jun 2023	We
1445	19 Jul 2023	We	27 Sep 2023	We	11 Mar 2024	Mo	10 Apr 2024	We	16 Jun 2024	Su
1446	7 Jul 2024	Su	15 Sep 2024	Su	1 Mar 2025	Sa	30 Mar 2025	Su	6 Jun 2025	Fr
1447	26 Jun 2025	Th	4 Sep 2025	Th	18 Feb 2026	We	20 Mar 2026	Fr	27 May 2026	We
1448	16 Jun 2026	Tu	25 Aug 2026	Tu	8 Feb 2027	Mo	9 Mar 2027	Tu	16 May 2027	Su
1449	6 Jun 2027	Su	14 Aug 2027	Sa	28 Jan 2028	Fr	26 Feb 2028	Sa	5 May 2028	Fr
1450	25 May 2028	Th	3 Aug 2028	Th	16 Jan 2029	Tu	14 Feb 2029	We	24 Apr 2029	Tu

کیلنڈر کا فارمولہ، 2- the moon sets after the sun چاند سورج کے ایک منٹ کے بعد ڈوبے تو کیلنڈر بنا دیا جائے گا

the lunar crescent will not be visible to the naked eye from Mecca مکہ میں یہ چاند ۷۵ فیصد نظر نہیں آ سکتا ہے

حضور ﷺ کی پیدائش، نبوت، ہجرت، اور وصال کی چاروں تاریخوں میں

پیر کا دن ہونا ضروری ہے

حضور ؐ کی پیدائش۔۔ ۹ ربیع الاول ۱ پیدائش مطابق ۲۰ اپریل 571ء میں **بروز پیر** کو ہے

حضور ؐ کو نبوت ملی ۔۔ ۲۱ رمضان ۱ نبوت مطابق ۱۷ اگست 610ء **بروز پیر** ہے

حضور ؐ کی ہجرت کا۔۔ ۸ ربیع الاول ۱ ھ مطابق ۲۰ ستمبر 622ء **بروز پیر** ہے

حضور ﷺ کا حج ۔۔ ۹ ذی الحجہ ۱۰ ھ مطابق ۶ مارچ 632ء بروز جمعہ ہے

حضور ؐ کی وفات۔۔ ۱۳ ربیع الاول، ۱۱ ہجری، مطابق ۸ جون 632ء **بروز پیر** ہے (632.527ء ہے)

اس چارٹ میں دیکھیں کہ پیدائش، نبوت، ہجرت، اور وفات پیر کے دن ہے

صحیح حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور ﷺ کی پیدائش، آپ کی نبوت، آپ کی ہجرت، اور آپ کا وصال پیر کے دن ہے، اس لئے ہر حال میں ان چاروں تاریخوں میں پیر کا دن رکھنا ضروری ہے

۱۔۔ پیدائش کے لئے اور نبوت کے لئے پیر کا دن ہونا ضروری ہے اس کے لئے یہ حدیث ہے

۔عَنْ أَبِي قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ صَوْمِهِ؟ قَالَ.... قَالَ: وَسُئِلَ عَنْ صَوْمِ **يَوْمِ الِاثْنَيْنِ؟ قَالَ: ذَاكَ يَوْمٌ وُلِدْتُ فِيهِ**، وَيَوْمٌ بُعِثْتُ، أَوْ أُنْزِلَ عَلَيَّ فِيهِ -(مسلم شریف، باب استحباب صیام ثلاثۃ ایام، نمبر ۱۱۶۲)

ترجمہ: حضور ﷺ سے پیر کے دن کے روزے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ، اسی پیر کے دن میں پیدا ہوا ہوں، اسی دن مجھے نبوت ملی ہے، یا یوں فرمایا کہ اسی دن مجھ پر پہلی مرتبہ قرآن کریم اترا

۔اس حدیث میں ہے کہ پیر کے دن حضور ﷺ کی پیدائش ہوئی ہے، اسی دن نبوت ملی

۲۔۔ پیر کے دن حضور ﷺ قباء پہنچے اس کے لئے حدیث یہ ہے۔

۔قَالَ ابْنُ شِهَابٍ، فَأَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ..... حَتَّى نَزَلَ بِهِمْ فِي بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، **وَذَلِكَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ مِنْ شَهْرِ رَبِيعٍ الْأَوَّلِ** ،(بخاری شریف، باب ہجرۃ النبی ﷺ، نمبر ۳۹۰۶)

ترجمہ: حضرت عروہؓ نے مجھے خبر دی۔۔ حضور ﷺ مدینے کے عمر بن عوف کے خاندان میں اترے اور یہ ربیع الاول میں پیر کا دن تھا

اس قول صحابی سے معلوم ہوا کہ حضور نے پیر کے دن ہجرت کر کے قباء پہنچے ہیں

۳۔۔۔حضور ﷺ کی وفات پیر کے دن ہوئی اس کے لئے حدیث یہ ہے

۔عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا،.....وَقَالَ لَهَا: فِي أَيِّ يَوْمٍ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ: »يَوْمَ الِاثْنَيْنِ (بخاری شریف، باب موت یوم الاثنین، نمبر ۱۳۸۷)

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ کس دن حضور ﷺ نے وفات پائی تو فرمایا کہ پیر کے دن

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کی وفات پیر کے دن ہوئی ہے

اس لئے حضور ﷺ کی پیدائش، آپ کی نبوت، آپ کی ہجرت، اور آپ کی وصال میں پیر کا دن ہونا ضروری ہے، چاہے ۱۲ ربیع الاول نہ پڑتا ہو، جو سیرت نگار کا قول ہے

بارہ ربیع الاول کا تعین حدیث میں نہیں ہے

حدیث کی کتابوں میں پیر کا دن تو ہے لیکن ۱۲ ربیع الاول ہے یا ۱۳ ربیع الاول یہ تعین حدیث میں نہیں ہے، یہ تعین سیرت کی ان کتابوں میں ملتی ہے جو تین سو سال کے بعد کی ہے، سیرت ابن اسحاق، جو ۱۵۱ھ میں لکھی ہوئی ہے ان میں ۱۲ ربیع الاول میں حضورؐ کی پیدائش، یا ۱۲ ربیع الاول میں حضور کی وفات کا جملہ نہیں ہے، میں نے بہت تلاش کی البتہ سیرت ابن ہشام متوفی ۲۱۳ھ میں ہے کہ ۱۲ ربیع الاول کو پیدائش ہوئے ہیں اس کی عبارت یہ ہے (رَأَى ابْنُ إسْحَاقَ مَوْلِدَهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ): قَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: وُلِدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، لِاثْنَتَيْ عَشْرَةَ لَيْلَةً خَلَتْ مِنْ شَهْرِ رَبِيعِ الْأَوَّلِ، عَامَ الْفِيلِ (سیرۃ ابن ھشام، باب ولادۃ رسول اللہ ورضاعتہ، ج ۱، ص ۱۲۸)

لیکن پیدائش کے بارے میں دوسرے اقوال بھی ہیں، اور ۹ ربیع الاول کو پیدائش ہے اس کی بھی وضاحت ہے، اور حضور ﷺ کی وفات کے بارے میں سیرت ابن ھشام میں یہ تو ہے کہ پیر کے دن وفات ہوئی ہے لیکن ۱۲ ربیع الاول کا دن تھا یہ وضاحت نہیں ہے (سیرت ابن ہشام، باب تمریض رسول اللہ فی بیت عائشہ، ص ۸۹۷)، اس لئے انگریزی کیلنڈر ریسٹ کرتے وقت پیر کا دن ۱۲، ربیع الاول نہ پڑتا ہو تو یہ قابل غور ہے، کیونکہ انگریزی تاریخ تقریباً حتمی ہوتی ہے۔

لگتا ہے کہ سیرت کی بعد کی کتابوں میں جو ۱۲ ربیع الاول ہے وہ روایت عوام میں مشہور ہوگئی ہے، جس کی وجہ سے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ۱۲ ربیع الاول کو پیدائش ہے، اور ۱۲ ربیع الاول کو وفات ہے

حضورؐ کی وفات ۱۳؍ربیع الاول ۱۱ھ ہجری، مطابق ۸؍جون 632ء کو پیر کے دن ہونی چاہئے

حدیث کی کتابوں میں تو صرف اتنا ہے کہ حضور ﷺ کی وفات پیر کے دن ہے، لیکن بہت بعد کی سیرت کی کتابوں میں محمد بن اسحاق کا قول نقل کیا ہے کہ ۱۲ ربیع الاول بروز پیر کو آپ کی وفات ہوئی ہے۔ لیکن ناسا کے کیلنڈر کو دیکھتے ہیں تو کسی بھی حال میں پیر کا دن ۱۲ ربیع الاول کو نہیں پڑتا ہے، چاہے تینوں مہینے ۲۹ کا لیں یا چاہے تینوں مہینے ۳۰ کا لیں، یا کچھ مہینے ۲۹ کا لیں اور کچھ مہینے ۳۰ کا لیں کسی حال میں ۱۲ ربیع الاول پیر کا دن نہیں ہے بلکہ اتوار کا دن ہے، اس لئے میں نے مجبورا محمد بن اسحاق کے قول۔

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: تُوُفِّي رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عليه وَسَلَّم لِاثْنَتَيْ عَشْرَةَ لَيْلَةً مَضَتْ مِنْ شَهْرِ رَبِيعِ الْأَوَّلِ، الْيَوْمَ الَّذِي قَدِمَ فِيهِ الْمَدِينَةَ مُهَاجِرًا، فَاسْتَكْمَلَ رسول الله صلى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هِجْرَتِهِ عشر سنين كواملٍ. (دلائل النبوة للبیہقی، باب ما جاء فی الوقت والیوم والشہر، جلد ۷، ص ۲۳۵)

ترجمہ: محمد بن اسحاقؒ سے روایت ہے کہ ربیع الاول کی بارہ راتیں گزر گئیں، اس میں حضور ﷺ کی وفات ہوئی ہے، جس دن سے حضور ﷺ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تھے، اس لئے حضور ﷺ نے ہجرت کے دس سال پورے کئے

میں نے مجبورا، لِاثْنَتَيْ عَشْرَةَ لَيْلَةً مَضَتْ، کا ترجمہ کیا کہ ۱۲ کی رات بھی گزر گئی، اور ۱۲ کا دن بھی گزر گیا، اور ۱۳ کا دن آ گیا، اس دن پیر ہے اور اسی دن حضور ﷺ کی وفات ہوئی ہے اس صورت میں حضرت محمد بن اسحاق کے قول میں تھوڑی سی کھینچ تان کرنی پڑتی ہے، اور پیر کے دن کا حل نکل آتا ہے میں نے حدیث کی وجہ سے مجبورا ایسا کیا ہے ۔ واللہ اعلم بالصواب

حضورؐ کی پیدائش، وغیرہ کے لئے انگریزی کی حتمی تاریخ متعین کرنا ایک مشکل کام ہے

یہ بات طے ہے کہ 571ء کے ربیع الاول میں چار مرتبہ پیر کا دن ہے، اب کس پیر میں حضورؐ پیدا ہوئے یہ حتمی طور پر نہیں کہا جا سکتا ہے، کیونکہ حدیث میں تاریخ کا تعین نہیں ہے، البتہ ایک گمان لگایا جا سکتا ہے کہ اس پیر کو آپ کی پیدائش ہو سکتی ہے

یہی حال ہجرت اور نبوت، اور وفات کا بھی ہے کہ اس سال کے ربیع الاول میں چار مرتبہ پیر کا دن آتا ہے، اب ربیع الاول کا مہینہ تو ٹھیک ہے، لیکن اس مہینے کے پیر کو آپ کو نبوت ملی، یا کس پیر کو آپ مدینہ طیبہ پہنچے، یا کس پیر کو آپ کی وفات ہوئی اس کا تعین حدیث میں نہیں ہے، اس لئے ان میں بھی ایک اندازہ ہی لگایا جا سکتا ہے کہ، غالبا اس پیر کو آپ کو نبوت ملی، یا اس پیر کو آپؐ نے ہجرت کی، یا اس پیر کو آپ کا وصال ہوا ہوگا کوئی حتمی بات نہیں کہی جا سکتی ہے، میں نے ہر جگہ اندازہ لگا کر لکھا ہے، اس لئے ہر جگہ لکھا کہ یہ تاریخ ہونی چاہئے، یہ نہیں لکھا کہ یہی تاریخ ہے

صرف ایک حجۃ الوداع کی تاریخ چونکہ حدیث میں ہے کہ جمعہ کے دن ۹ ذی الحجہ ۱۰ھ مطابق ۶ مارچ 632ء بروز جمعہ حضور عرفات میں تھے، اس لئے یہ تاریخ حتمی ہے، اور ثمیری کیلنڈر میں اسی کو سیٹ کر دیا ہے

حضور ﷺ کی پیدائش کی تاریخ کے بارے میں اختلاف

حضور ﷺ کس تاریخ کو پیدا ہوئے اس بارے میں بہت اختلاف ہے لیکن امام ابن حزم، اور ان کے شاگرد امام حمیدیؒ کی رائے یہ ہے کہ آٹھ راتیں گزر جانے کے بعد یعنی ۹ ربیع الاول کو حضورؐ کی پیدائش ہوئی ہے۔۔ سیرت حلبیہ، کی عبارت یہ ہے

وكانت ولادته صلى الله عليه وسلم يوم الاثنين فى شهر ربيع الأول لعشر خلون منه وقيل لليلتين، وقيل لثمان خلت ، واختاره الحميدى تبعا لشيخه ابن حزم (السيرة الحلبية، باب بيان ما وقع من الحوادث، ج ٣، ص ٥١٩/٥٢٥) اس میں قیل لثمان خلت ہے جس کو حضرت حمیدی نے اختیار کیا ہے اور ان کے استاذ ابن حزم نے بھی اختیار کیا ہے، یعنی آٹھ راتیں گزر گئیں، تو ۹ ربیع الاول کو پیر کا دن ہے، اس لئے اسی پیر کو حضور کی پیدائش ہونی چاہئے، تاہم اس بارے میں کوئی حدیث نہیں ملی ہے اس لئے اس کو حتمی نہیں کہہ سکتے ہیں، صرف یہ تاریخ تقریبی ہے۔ یہاں بھی میں نے ثمان خلت کا ترجمہ کیا آٹھ کے رات اور دن دونوں گزر گئے اور ۹ تاریخ آگئی اور پیر کا دن ہو گیا، کیونکہ آٹھ ربیع الاول کو اتوار کا دن ہے، اور حدیث میں پیر کے دن پیدائش ہے، اس لئے مجھے مجبوراً یہ کھینچ تان کرنی پڑی تا کہ پیر کے دن حضور کی پیدائش ہو جائے

۔ ترکی کے محترم ڈاکٹر محمودؒ پاشا نے حساب کر کے اسی ۹ ربیع الاول کی تاریخ پیدائش کی ہے اور ہمارے بہت سے بزرگوں نے اسی کو لیا ہے، اس لئے میں نے بھی مجبوراً اسی کی اتباع کی ہے

اگلے صفحے پر تفصلی کیلنڈر دیکھیں

یہ جو 571 عیسوی کا کیلنڈر لیا گیا ہے، یہ time and date سے لیا گیا ہے، یہ ناسا کا حصہ ہے،
یہ اصلی تاریخ دیتا ہے، اس میں جو کالا گول دائرہ ہے اس میں نیومون کی تاریخ ہے، اسی سے پورا شمیر ی کیلنڈر تیار کیا گیا ہے

Calendar for Year 571 (United Kingdom)

January

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
			1	2	3	4
5	6	7	8	9	10	11
12	13	14	15	16	17	18
19	20	21	22	23	24	25
26	27	28	29	30	31	

5:◑ 11:● 19:◐ 27:○

February

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
						1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15
16	17	18	19	20	21	22
23	24	25	26	27	28	

3:◑ 10:● 17:◐ 25:○

March

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
						1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15
16	17	18	19	20	21	22
23	24	25	26	27	28	29
30	31					

4:◑ 11:● 19:◐ 27:○

April

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
		1	2	3	4	5
6	7	8	9	10	11	12
13	14	15	16	17	18	19
20	21	22	23	24	25	26
27	28	29	30			

3:◑ 10:● 18:◐ 25:○

May

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
				1	2	3
4	5	6	7	8	9	10
11	12	13	14	15	16	17
18	19	20	21	22	23	24
25	26	27	28	29	30	31

2:◑ 9:● 18:◐ 25:○ 31:◑

June

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
1	2	3	4	5	6	7
8	9	10	11	12	13	14
15	16	17	18	19	20	21
22	23	24	25	26	27	28
29	30					

8:● 16:◐ 23:○ 30:◑

July

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
		1	2	3	4	5
6	7	8	9	10	11	12
13	14	15	16	17	18	19
20	21	22	23	24	25	26
27	28	29	30	31		

8:● 16:◐ 22:○ 29:◑

August

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
					1	2
3	4	5	6	7	8	9
10	11	12	13	14	15	16
17	18	19	20	21	22	23
24	25	26	27	28	29	30
31						

6:● 14:◐ 21:○ 28:◑

September

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
	1	2	3	4	5	6
7	8	9	10	11	12	13
14	15	16	17	18	19	20
21	22	23	24	25	26	27
28	29	30				

5:● 12:◐ 19:○ 27:◑

October

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
			1	2	3	4
5	6	7	8	9	10	11
12	13	14	15	16	17	18
19	20	21	22	23	24	25
26	27	28	29	30	31	

5:● 11:◐ 18:○ 26:◑

November

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
						1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15
16	17	18	19	20	21	22
23	24	25	26	27	28	29
30						

3:● 10:◐ 17:○ 25:◑

December

Mo	Tu	We	Th	Fr	Sa	Su
	1	2	3	4	5	6
7	8	9	10	11	12	13
14	15	16	17	18	19	20
21	22	23	24	25	26	27
28	29	30	31			

3:● 9:◐ 17:○ 25:◑

،ذی قعدہ،ذی الحجہ،پیدائش سنہ مطابق 571ء، January،جنوری

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

571ء	نیومون ٹائم منٹ،گھنٹہ،تاریخ	تاریخ،دن	چاند کی عمر منٹ،گھنٹہ	کتنا منٹ رہے گا	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کس تاریخ سے شروع ہوگی
جنوری	11--21;12	12،پیر 13،منگل	18;56 42;56	40منٹ ہے 107منٹ	7ڈگری ہے 20ڈگری ہے	ذی الحجہ،پیدائش سنہ 14 جنوری سے شروع ہوگی،

ذی الحجہ،پیدائش سنہ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے۔

MON پیر		5 ۲۲	12 ۲۹	19 ۶	26 ۱۳
TUE منگل		6 ۲۳	13 ۳۰	20 ۷	27 ۱۴
WED بدھ		7 ۲۴	14 یکم ذی الحجہ	21 ۸	28 ۱۵
THU جمعرات	1 ذی قعدہ ۱۸	8 ۲۵	15 ۲	22 ۹	29 ۱۶
FRI جمعہ	2 ۱۹	9 ۲۶	16 ۳	23 ۱۰	30 ۱۷
SAT سنیچر	3 ۲۰	10 ۲۷	17 ۴	24 ۱۱	31 ۱۸
SUN اتوار	4 ۲۱	11 ۲۸	18 ۵	25 ۱۲	

،ذی الحجہ،محرم،پیدائش ۱ــــہ مطابق 571ء، February،فروری

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

571ء	نیومون ٹائم منٹ،گھنٹہ،تاریخ	تاریخ،دن	چاند کی عمر منٹ،گھنٹہ	کتنا منٹ رہے گا	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کس تاریخ سے شروع ہوگی
فروری	10--8;08	10،منگل 11،بدھ	8;19 32;19	13منٹ ہے 73منٹ ہے	2ڈگری ہے 15ڈگری ہے	محرم،پیدائش ۱ــہ 12،فروری سے شروع ہوگی

محرم،پیدائش ۱ــہ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر		2 ۲۰	9 ۲۷	16 ۵	23 ۱۲
TUE منگل		3 ۲۱	10 ۲۸	17 ۶	24 ۱۳
WED بدھ		4 ۲۲	11 ۲۹	18 ۷	25 ۱۴
THU جمعرات		5 ۲۳	12 یکم محرم	19 ۸	26 ۱۵
FRI جمعہ		6 ۲۴	13 ۲	20 ۹	27 ۱۶
SAT سنیچر		7 ۲۵	14 ۳	21 ۱۰	28 ۱۷
SUN اتوار	1 ذی الحجہ ۱۹	8 ۲۶	15 ۴	22 ۱۱	

محرم، صفر، پیدائش ۱؁ مطابق 571؁ء، March، مارچ

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

کس تاریخ سے شروع ہوگی	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کتنا منٹ رہے گا	چاند کی عمر منٹ، گھنٹہ	تاریخ، دن	نیومون ٹائم منٹ، گھنٹہ، تاریخ	571؁ء
صفر، پیدائش ۱؁ 14 مارچ سے شروع ہوگی،	8 ڈگری ہے 20 ڈگری ہے	42 منٹ ہے 95 منٹ ہے	20;56 44;56	12، جمعرات 13، جمعہ	11--19;41	مارچ

صفر، پیدائش ۱؁ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر	30 ۱۷	2 ۱۹	9 ۲۶	16 ۳	23 ۱۰
TUE منگل	31 ۱۸	3 ۲۰	10 ۲۷	17 ۴	24 ۱۱
WED بدھ		4 ۲۱	11 ۲۸	18 ۵	25 ۱۲
THU جمعرات		5 ۲۲	12 ۲۹	19 ۶	26 ۱۳
FRI جمعہ		6 ۲۳	13 ۳۰	20 ۷	27 ۱۴
SAT سنیچر		7 ۲۴	14 یکم صفر	21 ۸	28 ۱۵
SUN اتوار	1 محرم ۱۸	8 ۲۵	15 ۲	22 ۹	29 ۱۶

صفر، ربیع الاول، پیدائش ۱ھ مطابق 571ء، April، اپریل

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

کس تاریخ سے شروع ہوگی	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کتنا منٹ رہے گا	چاند کی عمر منٹ، گھنٹہ	تاریخ، دن	نیومون ٹائم منٹ، گھنٹہ، تاریخ	571ء
ربیع الاول، پیدائش ۱ھ، 12 اپریل سے شروع ہوگی	2 ڈگری ہے 13 ڈگری ہے	12 منٹ ہے 65 منٹ ہے	8;24 32;25	10، جمعہ 11 سنیچر	10--8;20	اپریل

ربیع الاول، پیدائش ۱ھ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر		6 ۲۴	13 ۲	20 ۹	27 ۱۶
TUE منگل		7 ۲۵	14 ۳	21 ۱۰	28 ۱۷
WED بدھ	1 ۱۹ صفر	8 ۲۶	15 ۴	22 ۱۱	29 ۱۸
THU جمعرات	2 ۲۰	9 ۲۷	16 ۵	23 ۱۲	30 ۱۹
FRI جمعہ	3 ۲۱	10 ۲۸	17 ۶	24 ۱۳	
SAT سنیچر	4 ۲۲	11 ۲۹	18 ۷	25 ۱۴	
SUN اتوار	5 ۲۳	12 یکم ربیع الاول	19 ۸	26 ۱۵	

حضور کی پیدائش کی تاریخ

عَنْ أَبِی قَتَادَةَ الْأَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم.... وَسُئِلَ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ الاثْنَيْنِ؟ قَالَ: ذَاکَ يَوْمٌ وُلِدْتُ فِيهِ، وَيَوْمٌ بُعِثْتُ ، أَوْ أُنْزِلَ عَلَیَّ فِيهِ -(مسلم شریف، باب استحباب صیام ثلاثۃ ایام، نمبر ۱۱۶۲)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پیر کے دن حضورؐ کی پیدائش ہے

وکانت ولادته صلى الله عليه وسلم يوم الاثنين فى شهر ربيع الأول لعشر خلون منه وقيل لليلتين، وقيل لثمان خلت، واختاره الحميدى تبعا لشيخه ابن حزم (سیرۃ حلبیۃ، جلد۳، ص ۵۱۹)

سیرت حلبیہ کے اس عبارت سے معلوم ہوا کہ ۲ ربیع الاول کو یا ربیع الاول میں آٹھ دن گزرنے کے بعد آپ کی پیدائش ہوئی، یعنی ۹ ربیع الاول کو، اس لئے ۹ ربیع الاول مطابق ۲۰ اپریل 571ء بروز پیر کو آپ کی پیدائش ہونی چاہئے

ڈاکٹر محمودؒ پاشا ترکی نے ۹ ربیع الاول کو حضور کی پیدائش لکھی ہے، اور ہمارے بہت سے بزرگوں نے اسی کو لیا ہے

1 پیدائش	حضور ﷺ کی پیدائش ۹ ربیع الاول مطابق ۲۰ اپریل 571ء بروز پیر ہونی چاہئے

نوٹ: مشہور ہے کہ ۱۲ ربیع الاول حضور کی پیدائش، لیکن اس تاریخ کو جمعرات کا دن ہے، پیر کا دن نہیں ہے۔ خود دیکھیں

ربیع الاول، ربیع الثانی، پیدائش ۱؁ مطابق 571؁ء، may، مئی

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

کس تاریخ سے شروع ہوگی	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کتنا منٹ رہے گا	چاند کی عمر منٹ، گھنٹہ	تاریخ، دن	نیومون ٹائم منٹ، گھنٹہ، تاریخ	571؁ء
ربیع الثانی، پیدائش ۱؁، 12 مئی سے شروع ہوگی	6ڈگری ہے 17ڈگری ہے	35منٹ ہے 90منٹ ہے	18;42 42;42	10، اتوار 11، پیر	9--22;12	مئی

ربیع الثانی، پیدائش ۱؁ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر		4 ۲۳	11 ۳۰	18 ۷	25 ۱۴
TUE منگل		5 ۲۴	12 یکم ربیع الثانی	19 ۸	26 ۱۵
WED بدھ		6 ۲۵	13 ۲	20 ۹	27 ۱۶
THU جمعرات		7 ۲۶	14 ۳	21 ۱۰	28 ۱۷
FRI جمعہ	1 ربیع الاول ۲۰	8 ۲۷	15 ۴	22 ۱۱	29 ۱۸
SAT سنیچر	2 ۲۱	9 ۲۸	16 ۵	23 ۱۲	30 ۱۹
SUN اتوار	3 ۲۲	10 ۲۹	17 ۶	24 ۱۳	31 ۲۰

ربیع الثانی، جمادی الاولی، پیدائش ۱ مطابق 571ء، June، جون

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

کس تاریخ سے شروع ہوگی	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کتنا منٹ رہے گا	چاند کی عمر منٹ، گھنٹہ	تاریخ، دن	نیومون ٹائم منٹ، گھنٹہ، تاریخ	571ء
جمادی الاولی، پیدائش ۱، 10 جون سے شروع ہوگی	0 ڈگری ہے 11 ڈگری ہے	7 منٹ ہے 60 منٹ ہے	4;08 28;08	8، پیر 9، منگل	8--12;58	جون

جمادی الاولی، پیدائش ۱ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر	1 ربیع الثانی ۲۱	8 ۲۸	15 ۶	22 ۱۳	29 ۲۰
TUE منگل	2 ۲۲	9 ۲۹	16 ۷	23 ۱۴	30 ۲۱
WED بدھ	3 ۲۳	10 یکم جمادی الاولی	17 ۸	24 ۱۵	
THU جمعرات	4 ۲۴	11 ۲	18 ۹	25 ۱۶	
FRI جمعہ	5 ۲۵	12 ۳	19 ۱۰	26 ۱۷	
SAT سنیچر	6 ۲۶	13 ۴	20 ۱۱	27 ۱۸	
SUN اتوار	7 ۲۷	14 ۵	21 ۱۲	28 ۱۹	

جمادی الاولی، جمادی الثانی ، پیدائش سنہ ۱ مطابق 571ء، July، جولائی

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

کس تاریخ سے شروع ہوگی	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کتنا منٹ رہے گا	چاند کی عمر منٹ، گھنٹہ	تاریخ، دن	نیومون ٹائم منٹ، گھنٹہ، تاریخ	571ء
جمادی الثانی، پیدائش سنہ ۱، 10 جولائی سے شروع ہوگی	5 ڈگری ہے 14 ڈگری ہے	31 منٹ ہے 75 منٹ ہے	13;04 37;03	8، بدھ 9، جمعرات	8--4;08	جولائی

جمادی الثانی، پیدائش سنہ ۱ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر		6 ۲۷	13 ۴	20 ۱۱	27 ۱۸
TUE منگل		7 ۲۸	14 ۵	21 ۱۲	28 ۱۹
WED بدھ	1 جمادی الاولی ۲۲	8 ۲۹	15 ۶	22 ۱۳	29 ۲۰
THU جمعرات	2 ۲۳	9 ۳۰	16 ۷	23 ۱۴	30 ۲۱
FRI جمعہ	3 ۲۴	10 یکم جمادی الثانی	17 ۸	24 ۱۵	31 ۲۲
SAT سنیچر	4 ۲۵	11 ۲	18 ۹	25 ۱۶	
SUN اتوار	5 ۲۶	12 ۳	19 ۱۰	26 ۱۷	

جمادی الثانی، رجب، پیدائش ۱ مطابق 571ء، August، اگست

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

کس تاریخ سے شروع ہوگی	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کتنا منٹ رہے گا	چاند کی عمر منٹ، گھنٹہ	تاریخ، دن	نیومون ٹائم منٹ، گھنٹہ، تاریخ	571ء
رجب، پیدائش ۱ 9، اگست سے شروع ہوگی	8ڈگری ہے 16ڈگری ہے	43منٹ ہے 78منٹ ہے	21;45 45;45	7، جمعہ 8، سنیچر	6--19;16	اگست

رجب، پیدائش ۱ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر	31 ۲۳	3 ۲۵	10 ۲	17 ۹	24 ۱۶
TUE منگل		4 ۲۶	11 ۳	18 ۱۰	25 ۱۷
WED بدھ		5 ۲۷	12 ۴	19 ۱۱	26 ۱۸
THU جمعرات		6 ۲۸	13 ۵	20 ۱۲	27 ۱۹
FRI جمعہ		7 ۲۹	14 ۶	21 ۱۳	28 ۲۰
SAT سنیچر	1 ۲۳ جمادی الثانی	8 ۳۰	15 ۷	22 ۱۴	29 ۲۱
SUN اتوار	2 ۲۴	9 یکم رجب	16 ۸	23 ۱۵	30 ۲۲

رجب،شعبان، پیدائش ۱ھ مطابق 571ء September، ستمبر

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

کس تاریخ سے شروع ہوگی	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کتنا منٹ رہے گا	چاند کی عمر منٹ،گھنٹہ	تاریخ،دن	نیومون ٹائم منٹ،گھنٹہ،تاریخ	571ء
شعبان، پیدائش ۱ھ، 7ستمبر سے شروع ہوگی	2ڈگری ہے 10ڈگری ہے	15منٹ ہے 48منٹ ہے	6;33 30;32	5،سنیچر 6،اتوار	5--10;05	ستمبر

شعبان، پیدائش ۱ھ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر		7 یکم شعبان	14 ۸	21 ۱۵	28 ۲۲
TUE منگل	1 رجب ۲۴	8 ۲	15 ۹	22 ۱۶	29 ۲۳
WED بدھ	2 ۲۵	9 ۳	16 ۱۰	23 ۱۷	30 ۲۴
THU جمعرات	3 ۲۶	10 ۴	17 ۱۱	24 ۱۸	
FRI جمعہ	4 ۲۷	11 ۵	18 ۱۲	25 ۱۹	
SAT سنیچر	5 ۲۸	12 ۶	19 ۱۳	26 ۲۰	
SUN اتوار	6 ۲۹	13 ۷	20 ۱۴	27 ۲۱	

شعبان، رمضان، پیدائش ۱ مطابق 571ء، October، اکتوبر

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

571ء	نیومون ٹائم منٹ، گھنٹہ، تاریخ	تاریخ، دن	چاند کی عمر منٹ، گھنٹہ	کتنا منٹ رہے گا	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کس تاریخ سے شروع ہوگی
اکتوبر	5--00;20	5، پیر 6، منگل	15;50 39;50	21 منٹ ہے 59 منٹ ہے	4 ڈگری ہے 11 ڈگری ہے	رمضان، پیدائش ۱ 7، اکتوبر سے شروع ہوگی

رمضان، پیدائش ۱ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر		5 ۲۹	12 ٦	19 ۱۳	26 ۲۰
TUE منگل		6 ۳۰	13 ۷	20 ۱۴	27 ۲۱
WED بدھ		7 یکم رمضان	14 ۸	21 ۱۵	28 ۲۲
THU جمعرات	1 شعبان ۲۵	8 ۲	15 ۹	22 ۱٦	29 ۲۳
FRI جمعہ	2 ۲٦	9 ۳	16 ۱۰	23 ۱۷	30 ۲۴
SAT سنیچر	3 ۲۷	10 ۴	17 ۱۱	24 ۱۸	31 ۲۵
SUN اتوار	4 ۲۸	11 ۵	18 ۱۲	25 ۱۹	

رمضان،شوال، پیدائش ؁ ۱ مطابق 571ء، November،نومبر

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

کس تاریخ سے شروع ہوگی	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کتنا منٹ رہے گا	چاند کی عمر منٹ،گھنٹہ	تاریخ،دن	نیومون ٹائم منٹ،گھنٹہ،تاریخ	571ء
شوال، پیدائش ؁ ۱ ،5نومبر سے شروع ہوگی	0-ڈگری ہے 7ڈگری ہے	0-منٹ ہے 39منٹ ہے	2;10 26;09	3،منگل 4،بدھ	3--13;41	نومبر

شوال، پیدائش ؁ ۱ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر	30 ۲۶	2 ۲۷	9 ۵	16 ۱۲	23 ۱۹
TUE منگل		3 ۲۸	10 ۶	17 ۱۳	24 ۲۰
WED بدھ		4 ۲۹	11 ۷	18 ۱۴	25 ۲۱
THU جمعرات		5 یکم شوال	12 ۸	19 ۱۵	26 ۲۲
FRI جمعہ		6 ۲	13 ۹	20 ۱۶	27 ۲۳
SAT سنیچر		7 ۳	14 ۱۰	21 ۱۷	28 ۲۴
SUN اتوار	1 رمضان ۲۶	8 ۴	15 ۱۱	22 ۱۸	29 ۲۵

شوال، ذی قعدہ، پیدائش ۱ مطابق 571ء، December، دسمبر

نیومون اور ڈگری کی تفصیل یہ ہے

کس تاریخ سے شروع ہوگی	کتنی ڈگری اونچا ہوگا	کتنا منٹ رہے گا	چاند کی عمر منٹ، گھنٹہ	تاریخ، دن	نیومون ٹائم منٹ، گھنٹہ، تاریخ	571ء
ذی قعدہ، پیدائش ۱ 5 دسمبر سے شروع ہوگی	2 ڈگری ہے 14 ڈگری ہے	17 منٹ ہے 82 منٹ ہے	13;56 37;56	3، جمعرات 4، جمعہ	3--1;51	دسمبر

ذی قعدہ، پیدائش ۱ کی تاریخ کی تفصیل یہ ہے

MON پیر		7 ۳	14 ۱۰	21 ۱۷	28 ۲۴
TUE منگل	1 ۲۷ شوال	8 ۴	15 ۱۱	22 ۱۸	29 ۲۵
